Sabiqoon International Coaching & Schooling System

Founder: M Shahid

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شُروع اَللہ کے پاک نام سے، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

# پیارے بچوں کے لِیے

# 60 سُنہری اَحادیث




مرتب

محمد عمران شاہد

ہم کسی بھی قبیلے یا قوم کی امامت اور قیادت کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتے، جب تک ہم علم و تحقیق کے امام نہ بن جائیں، اور یہ تحقیق اسلامی نظریے کے مطابق ہونی چاہیے، کیونکہ یہی ہمارا اصل ضابطہ اَخلاق ہے۔

دِل بدلے گا

تو حالات بدلیں گے

Sabiqoon International Coaching & Schooling System

اللہ کا کَلام

قرآن و سنت

اللہ کا کام

سائنس اور ٹیکنالوجی

بانی: محمد عمران شاہد


دین کمزور تب پڑتا ہے جب بندہ خالق کے بجائے مخلوق پر بھروسہ کرنے لگتا ہے۔

# دِین اِسلام

# System of Life

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد



# حصّہ اوّل



# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا



1 دعا کرنا عین عبادت ہے۔
جامع الترمذي: 2929

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity



2 غصہ نہ کرو۔
صحيح البخاري: 6116



3 ایک دوسرے سے حسد نہ کرو۔
صحيح مسلم: 2564

Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا



4 ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو۔
صحیح مسلم: 2564



5 حیا ایمان کا ایک حصہ ہے۔
صحیح مسلم: 35

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity




6 نیکی حسن اخلاق کا نام ہے۔
صحیح مسلم: 2553

Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

7 اعمال کی قبولیت کا انحصار نیتوں پر ہے۔

صحیح البخاري : 1




8 جنت کی کنجی، نماز ہے۔

جامع الترمذي : 4



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

9 ہر نیک کام صدقہ ہے۔

صحیح البخاري: 6021



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

10 جو ہمیں دھوکا دیتا ہے، اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔

صحیح مسلم: 3383



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC

11 آدمی قیامت کے دن اسی کے ساتھ ہوگا، جس سے اس نے دنیا میں محبت کی۔

صحیح البخاري: 6168



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

12 اچھے کام کی سفارش کرو تمہیں اجر ملے گا۔
صحیح مسلم: 2627



13 تم جہاں اور جس جگہ بھی ہو اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔
جامع الترمذي: 1987

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity




14 مظلوم کی بددعا سے بچو۔
صحیح مسلم: 19



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**15** لوگوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ۔

جامع الترمذي: 1987



**16** تم میں سے کوئی شخص بائیں ہاتھ سے نہ کھائے۔

صحیح مسلم: 2020

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد


# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا



17 بے شک اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے،
اور نرمی کو پسند کرتا ہے۔
صحیح مسلم: 2593

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Commitment to Serve Humanity

18 جہنم کی آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا دے
کر ہی سہی (مگر ضرور صدقہ کرکے دوزخ کی آگ سے
بچنے کی کوشش کرو)۔
صحیح البخاري: 1417



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا


19 تم اس طرح نماز پڑھو جس طرح تم نے مجھے نماز پڑھتے دیکھا ہے۔

صحيح البخاري: 231



20 میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں بنا دی گئی ہے۔

مسند أحمد: 14037



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ICSRRC
A Consortium To Serve Humanity

# حصّه دوم



# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

21 نیکی اور معروف کے کسی بھی کام کو حقیر نہ جانو۔


صحیح مسلم: 2626



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

22 رشتہ داروں سے حسن سلوک، عمر میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔

المعجم الکبیر للطبرانی: 7939



# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

23 جس شخص کے پاس میرا نام ذکر کیا جائے، وہ مجھ پر درود بھیجے۔




سنن النسائي الكبرى 9889

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

24 جو شخص میری سنت سے منہ موڑے اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔

صحیح البخاری: 5063

25 صبر وہی ہے، جو ابتدائے صدمہ میں ہو۔

صحیح البخاری:1238



# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

26 زکاۃ ادا نہ کرنے والا، قیامت کے دن جہنم کی آگ میں ہوگا۔

المعجم الصغير للطبراني

2/145، حدیث: 935




27 بے شک صدقہ رب تعالی کے غصہ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔

جامع الترمذي: 664



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

28 بے شک اللہ تعالیٰ خوبصورت ہے، خوبصورتی کو پسند کرتا ہے۔
صحیح مسلم : 91



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity


29 تم میں سے بہترین وہ ہیں، جن کا اخلاق اچھا ہے۔
صحیح البخاری:3559



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

30 مسلمان کو گالی دینا گناہ، اور اس سے لڑائی کرنا کفر ہے۔



صحیح البخاری: 48

31 جو لوگوں کا شکریہ ادا نہ کرے وہ اللہ کا شکر ادا نہیں کرے گا۔

سنن أبي داود: 4811



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

32 جو چیز تمھیں شک میں ڈالے اسے چھوڑ کر اس چیز کو اختیار کرو جو شک میں نہ ڈالے۔



جامع الترمذي: 2518

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

33 اللہ تعالیٰ نے تم پر جائز کاموں میں ماؤں کی نافرمانی حرام کردی ہے۔

صحیح البخاری: 5975



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

34 جو شخص اس حال میں فوت ہوا کہ وہ اللہ کے ساتھ ذرہ بھر بھی شرک نہیں کرتا تھا، وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا۔


صحيح البخاري : 7487



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

35 اوپر والا (یعنی) دینے والا ہاتھ، نیچے والے (یعنی) لینے والے ہاتھ سے بہت بہتر ہے۔

صحیح البخاری:1428



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**36** جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ عزوجل بھی اس پر رحم نہیں کرے گا۔

صحیح مسلم: 2319

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity



Sabiqoon International Coaching & Schooling System

بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

37 تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن کریم سیکھتے،
اور دوسروں کو اس کی تعلیم دیتے ہیں۔
صحیح البخاري: 5027



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

38 علم حاصل کرنا، ہر مسلمان پر فرض ہے۔
سنن ابن ماجہ : 224



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

39 جس نے کسی خیر و بھلائی کے کام کی رہنمائی کی، اسے نیکی کرنے والے کے برابر ثواب ملے گا۔
صحیح مسلم : 1893



40 جو ہم پر ہتھیار اٹھا لے، اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔
صحیح البخاري: 7070



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# حصّه سوم



# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

41 آسانی کرو، تنگی نہ کرو، (اللہ کے فضل و عطا کی) خوش خبری دو، اور (صرف عذاب کا ذکر کرکے) لوگوں کو متنفر نہ کرو۔

صحيح البخاري: 69

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity








Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

42 جو شخص اللہ کے لیے تواضع و انکساری اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کا رتبہ بلند فرما دیتا ہے

صحیح مسلم: 2588

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**43** ظلم سے بچو، کیونکہ ظلم قیامت کے دن اندھیروں کا سبب بنے گا۔
صحیح مسلم 2578



**44** تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے مسلمان بھائی کے لیے وہی کچھ پسند نہ کرے، جو خود اپنے لیے پسند کرتا ہے۔
صحیح البخاري: 13



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

45 یہ بھی انسان کے اسلام کی خوبی ہے کہ، جس معاملے سے اس کا تعلق نہیں اسے چھوڑ دے۔

جامع الترمذي: 2317

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

46 اللہ تعالیٰ بندے کی مدد کرتا رہتا ہے، جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے۔

صحیح مسلم: 2699



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**47** مومن اور کافر کے درمیان بنیادی فرق، نماز چھوڑنے کا ہے۔

جامع الترمذي: 2620



**48** جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے، اور وہ الحمد اللہ کہے، تو اسے یرحمک اللہ کہو۔

صحیح مسلم: 2992




International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC

Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**49** جس نے ہمارے اس امر (دین) میں نیا طریقہ ایجاد کیا، جو حقیقتا اس میں نہیں ہے تو وہ طریقہ مردود ہے۔

صحیح البخاري : 2697

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

**50** جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اسے اپنے مہمان کی عزت کرنی چاہیئے۔

صحیح البخاري: 6138



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

51 جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے، اسے چاہیے کہ اچھی بات کہے، یا چپ رہے۔

صحیح البخاري: 6138



International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

52 جس نے یہ کلمات اپنی زبان سے ادا کیے سبحان اللہ العظیم وبحمدہ، اس کے لیے جنت میں ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔

جامع الترمذي: 3464



# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا


53 اللہ تعالیٰ جس کسی کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے، اسے دین کی سمجھ عطا کر دیتا ہے۔

صحيح البخاري: 71

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

54 وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو ہمارے چھوٹوں پر مہربانی نہ کرے اور ہمارے بڑوں کا مقام نہ پہچانے۔

جامع الترمذي: 1920




Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

55 جس شخص میں امانت نہیں اس کا ایمان ہی نہیں، اور جس شخص کا عہد نہیں اس کا کوئی دین ہی نہیں۔

صحیح ابن حبان: 1/423، حدیث: 194

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**56** مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرے، نہ اسے (مدد کے وقت بے یار و مددگار چھوڑ کر) رسوا کرے، اور نہ اسے حقیر جانے۔



صحیح مسلم: 2564

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity

**57** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: کون سا عمل سب سے افضل ہے؟ تو آپ نے فرمایا: اول وقت میں نماز پڑھنا۔

جامع الترمذي: 170



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

58 اللہ تعالیٰ تمہاری شکلوں اور تمہارے اموال کو نہیں دیکھتا، بلکہ تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے۔

صحیح مسلم: 2564

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity




Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

59 اچھے خواب اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں اور برے شیطان کی طرف سے پس تم میں جو کوئی برا خواب دیکھے جو اسے ناپسند ہو تو اس چاہیئے کہ اپنی بائیں طرف تھوکے اور اس سے اللہ کی پناہ مانگے وہ اسے ہرگز نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

صحیح البخاري: 7005

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity




Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

60 ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے
پوچھا: کون سا اسلام سب سے اچھا ہے؟
آپ نے فرمایا: ”کھانا کھلانا، سلام کرنا ہر شخص کو خواہ
جان پہچان کا ہو یا نہ ہو“۔
سنن نسائی: 5003

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation
ISRRC
A Consortium To Serve Humanity



Sabiqoon International Coaching & Schooling System
بانی: محمد عمران شاہد

# انسانی اصلاح کا سفر

## خیال اور نیت کی اصلاح کے بغیر عمل کی اصلاح ممکن نہیں۔

ماحول

علم

سوچ / خیالات

نیت

اعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہے۔

عزم / قصد / ارادہ

عمل

نتیجہ

خود احتسابی

توبہ

اصلاح

استقامت

## سوچ سے استقامت تک

ماحول منتخب کرنے کا اختیار ہمارے پاس ہے

کانفرنسز

ہم پیشہ لوگ

واقعات

اسکول / مشیر

خاندانی نظریات

ڈرامے / پوڈکاسٹ

کیا دیکھتے ہیں؟

کیا بولتے ہیں؟

کیا سنتے ہیں؟

Sabiqoon International Coaching & Schooling System

بانی: محمد عمران شاہد

# سابقون انٹرنیشنل کوچنگ اینڈ اسکولنگ سسٹم

ایمان و اخلاق سے مزین مستقبل کے لیے صالح قیادت کو با اختیار بنانا

Sabiqoon International Coaching & Schooling System

International Scholars Reconciliation and Revolution Corporation

ISRRC

A Consortium To Serve Humanity


بانی: محمد عمران شاہد

# INTERNATIONAL SCHOLARS RECONCILIATION AND REVOLUTION CORPORATION

(Internationally recognized, Cross-Boarder Partnerships)

# SABIQOON INTERNATION COACHING & SCHOOLING SYSTEM

(Aligned with Global Best Practices & UK Governance)

Sabiqoon International Coaching & Schooling System

FOUNDER: M SHAHID

